منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

JOB/SIA/03			
کام کرنے کی جگہ (Workplace)	ڈویژن	شعبہ (Department)	اصلاح اعمال
منصب (Designation)	ڈویژن ذمہ دار	جوابدہ (Report to)	صوبائی ذمہ دار
کام (Function)	عاشقان رسول کو نیک بننے اور بنانے کے لیے نیک اعمال کے رسائل، دینی تحریکوں اور اجتماعات میں شرکت کی ترغیب دلانا	ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff)	ڈسٹرکٹ تاذیلی حلقہ ذمہ داران

منصب کے کام - Job Description

1. ڈویژن سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
4. اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا، ذمہ داران کو فعال رکھنا اور تقرری و تبدیلی کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
5. شعبہ جات و مشاورت کے ذمہ داران و عاشقان رسول کو روزانہ اعمال کا جائزہ کرنے اور ہر عیسوی ماہ کی پہلی تاریخ تک نیک اعمال کا رسالہ جمع کروانے کی ترغیب دینا/دلوانا۔
6. بڑی راتوں اور دیگر خاص مواقع کے اجتماعات پر نیک اعمال کے رسائل تقسیم کروانا اور روزانہ اپنے اعمال کا انفرادی/اجتماعی جائزہ لینے کا اہتمام کروانا۔
7. عاشقانِ رسول کے گھروں اور دفاتر میں نیک اعمال کے حلقے لگانا نیز انہیں نیک اعمال پر عمل کرتے ہوئے محبوب عطار بننے کی ترغیب دلانا۔
8. عاشقان رسول کو روزانہ نیک اعمال کی "جائزہ پوسٹ" واٹس ایپ کروانا اور نیک اعمال موبائل ایپلیکیشن انسٹال (Install) کروانا۔
9. ہر ماہ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی جانب سے ملنے والی مختلف دینی تحریکوں (مثلاً نفلی روزے، درودِ پاک پڑھنے، قرآنِ پاک تلاوت وغیرہ) پر عمل کروانا۔
10. ہر عیسوی ماہ کی پہلی پیر شریف کو یوم قفل مدینہ (اتوار مغرب تا پیر مغرب) اور ایام قفل مدینہ (تین دن یا اس سے زائد) منانے کے نظام کو مضبوط کرنا/کروانا۔
11. عاشقانِ رسول کو تہجد اجتماعات، یوم قفل مدینہ اجتماعات اور سحری اجتماعات میں شرکت کروانا۔
12. 7 دن اصلاح اعمال کورس میں شرکت کرنا نیز مختلف شعبہ جات اور اپنے شعبے کے ذمہ داران کی شرکت کروانا۔
13. شعبے کے طے شدہ مدنی پھولوں کے مطابق شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں کا وزٹ کروانا۔
14. عاشقانِ رسول کے بچوں کو جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخل کروانا۔
15. شعبے سے وابستہ ذمہ داران کے ساتھ مل کر طے شدہ کورسز، 12 دینی کام بالخصوص ہفتہ وار اجتماع اور مدنی مذاکرہ میں عملی طور پر شرکت کرنا۔
16. اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ (Implement) کرنا/کروانا۔
17. شعبے کے ایس او پیز اور جاب ڈسکرپشنز (JD's) کا مطالعہ کرنا نیز کے پی آئیز (KPI's) سمجھنا/سمجھانا اور تنظیمی معلومات و اپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
18. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
19. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
20. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/کروانا۔
21. شعبے میں شرعی رہنمائی کے لیے مقرر ذمہ دار کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلقہ مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** میٹرک/ایف اے
- **دینی تعلیم:** ناظرہ + نیک اعمال میں دلچسپی رکھنے والا اور وقت دینے والا ہو۔
- شعبے میں کم از کم 4 سے 5 سال کا تجربہ
- **نوٹ:**۔ درس نظامی کیے ہوئے کو ترجیح دی جائے گی۔
- People Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Leadership, Decision-making, Conceptual Skills, Problem-solving

اپنی دنیا اور آخرت کو بھتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالیں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- خوشی/غمی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت فرمائیں نیز وقتاً فوقتاً علماء ومشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ نیز المدینۃ العلمیہ کی تیار شدہ دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔